# انوکھی لُغت

1



سوال 4: مندرجہ ذیل الفاظ اُونچی آواز میں پڑھیں، فرق پہچانیں اور سیکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آمین | امین | آسمان | سامان |
| آب | اب | آسرا | سِرا |
| آلو | اُلو | آٹھ | اُٹھ |
| آسیب | سیب | آندھی | اندھی |

## لُغت

| | |
|---|---|
| آستین | قمیص کا ایک حصہ |
| آنچ | ہلکی آگ |
| آوارہ | بگڑا ہوا |
| آئینہ | شیشا |
| آیت | قُرآن کا ایک جُملہ |
| آن کی آن میں | دیکھتے ہی دیکھتے۔ فوراً |
| آلُودگی | فضا میں موجود گندگی |
| آہٹ | آہستہ آہستہ چلنے کی آواز۔ کھٹکا |

## سرگرمیاں:

-1 سوال نمبر 4 کے الفاظ اونچی آواز میں ایک ایک کر کے بولیں۔ بچوں سے کہیں کہ جن الفاظ میں ''آ'' کی آواز سُنائی دے، اُن پر ہاتھ اُٹھائیں۔ اس سرگرمی کی مدد سے آپ طلبا کی توجہ سے سننے کی صلاحیت بڑھا سکیں گی۔


-2 بچوں کو ''آ'' سے شروع ہونے والے مختلف پھل اور سبزیاں دِکھائیں۔ اُن کے نام پوچھیں اور رنگوں کی پہچان کروائیں۔

-3 آلُودگی کیا ہے؟ اُستانی صاحبہ کی مدد سے جانیں۔

-4 اُونچا بولنے، شور مچانے، چیخ و پُکار کرنے سے بھی ایک طرح کی آلُودگی پھیلتی ہے۔ اگر اُستانی صاحبہ، جماعت میں نہ ہوں تو آپ کو کیا کرنا چاہیے؟ طلبا کے درمیان ایک تقریری مقابلہ کروائیں۔




# ا





## سُنو اور پڑھو :

1- **اللّٰہ**، ایک ہے۔
2- **اخروٹ** اور **اناس** کا چِھلکا سخت ہوتا ہے۔
3- **انگور**، بیل پر **اُگتے** ہیں، درخت پر نہیں۔
4- ڈی ڈو کے کپڑے **اَلگنی** سے اُتار کر **الماری** میں رکھ دو۔
5- **افواہ** مت پھیلاؤ، **اصل** اور سچی بات بتاؤ۔
6- راستے سے **اینٹ** اور پتھر ہٹانا نیکی ہے۔
7- **احساس**، **اچھے اَخلاق** اور **اِخلاص اعلیٰ** خوبیاں ہیں۔

ذخیرۂ الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| اِمام | اخبار | اِستری |
| اَحمق | اُجاڑ | احسان |
| اَناج | اہم | اَمن |
| اِسلام | اِسم | اُسترا |



سوال 6: خالی جگہ میں کون سا لفظ لکھیں گے؟ پہلے الفاظ اور جُملے پڑھ کر سُنائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٹوکرا | ٹکیا | ٹال | ٹِنڈا |
| | ٹوکری | ٹکڑا | ٹکّر |

◎ امی نے میری بات ـــــــ دی۔

◎ کوّے کی چونچ میں گوشت کا ـــــــ ہے۔

◎ امی نے میٹھی ـــــــ بنائی۔

◎ ـــــــ ایک مُفید سبزی ہے۔

◎ ـــــــ بڑا اور ـــــــ چھوٹی ہوتی ہے ۔

◎ دونوں رکشوں کی ـــــــ سے راہ گیر زخمی ہوگیا۔


## لُغت

| | |
|---|---|
| ٹاٹ | ایک قسم کا سخت کپڑا |
| ٹٹّو | چھوٹا گھوڑا یا خچر |
| ٹیلا | چھوٹی پہاڑی |
| ٹرخانا | بہانہ بنانا۔ ٹال دینا |
| ٹِڈّی | ایک قسم کا کیڑا |
| ٹکسال | وہ کارخانہ جہاں نوٹ اور سکّے تیار کیے جاتے ہیں۔ |

## سرگرمیاں:

1- بچوں کے درمیان مندرجہ ذیل کی آوازیں نکالنے کا دلچسپ مقابلہ کروائیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کوّے کی آواز | بِلّی کی آواز | چڑیا کی آواز | شیر کی آواز | توتے کی آواز |
| گھنٹی کی آواز | ریل کی آواز | چُوڑیوں کی آواز | گدھے کی آواز | بارش کی آواز |


جگنو
جنگل
جامن
جنگلی جانور
جڑیں




# چ




## سُنو اور پڑھو :

1- چچا کی چائے میں چینی کم ہے۔

2- چچی، چٹائی پر بیٹھی ہیں۔

3- چپاتی اور چاول، چولہے پر پکیں گے۔

4- چڑیاں، چوں چوں کر رہی ہیں۔

5- چارپائی کے چار پائے ہیں۔

6- چاند کی چاندنی میں چڑیاں، چکور، چوزہ اور چوہا صاف نظر آ رہے ہیں۔

7- چرواہے کے ایک ہاتھ میں چابک اور دوسرے میں چارہ ہے۔

### ذخیرۂ الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| چادر | چپ چاپ | چالاک |
| چرچا | چمکیلا | چاقو |
| چنگاری | چمچ | چالیس |
| چنبیلی | چودہ | چوبیس |

سوال 6: مندرجہ ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں اور باری باری زبانی سُنائیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چالاک | چُپ چاپ | چاقُو | چپاتی | چوبیس | چرچا | چنبیلی |

سوال 7: تصویر میں جو منظر دِکھایا گیا ہے، تمام بچے باری باری اُسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ اُستانی صاحبہ اِس سوال کے نمبر ضرور دیں۔

سوال 8: چچا، چارپائی پر بیٹھے چائے پی رہے ہیں۔ وہ کہاں سے آئے ہیں؟ ایک مختصر سی کہانی سوچیں اور باری باری سُنائیں۔ اُستانی صاحبہ دلچسپ کہانی سُنانے والے طالبِ علم کو انعام دیں۔

## لُغت

| | |
|---|---|
| چپاتی | پتلی روٹی |
| چرخا | دھاگا بُننے کا آلہ |
| چکور | ایک قسم کا پرندہ |
| چرواہا | بھیڑ بکریاں چرانے والا |
| چابُک | کوڑا |
| چارہ | گائے، بھینس کی خوراک |
| چرچا | مشہور ہونا۔ شہرت |


## سرگرمیاں:

1- بچوں کو چنبیلی کے پُھول دِکھائیں اور پہچان کروائیں کیوں کہ یہ پاکستان کا قومی پُھول ہے۔

2- رمضان کا چاند، عیدالفطر کا چاند اور عیدالاضحیٰ کا چاند دیکھ کر مسلمان کیوں خُوش ہوتے ہیں؟ باری باری بتائیں۔

3- سبق میں جو تصویر دی گئی ہے، اُسی کے مطابق جماعت میں ایک ڈرامہ کروائیں۔

4- اُستانی صاحبہ ''ج'' اور ''چ'' کے مختلف الفاظ اُونچی آواز میں باری باری بولیں۔ بچوں سے کہیں کہ جن الفاظ میں ''چ'' کی آواز سُنائی دے، اُن پر ہاتھ اُٹھائیں۔ اس سرگرمی کی مدد سے آپ طلبا کی توجہ سے سننے کی صلاحیت بڑھا سکیں گی۔


ریل گاڑی
ریڑھی
ریڑھا
رسی

# مشق

سوال 1: سبق میں دیئے گئے جُملے اور تختی کے الفاظ، اُستانی صاحبہ کے ساتھ مل کر اُونچی آواز میں پڑھیں اور دُرست تلفّظ سیکھیں۔

سوال 2: خُوش خط لکھیں:

زبان ________ ________ ________ ________ ________

زعفران ________ ________ ________ ________ ________

زبردست ________ ________ ________ ________ ________

زندہ ________ ________ ________ ________ ________

زیادتی ________ ________ ________ ________ ________

سوال 3: توڑ لکھیں:

زبردست ____ ____ ____ ____ ____ ____ زلزلہ ____ ____ ____ ____ ____

زیور ____ ____ ____ ____ زمین ____ ____ ____ ____

زعفران ____ ____ ____ ____ ____ ____

سوال 4: اِن الفاظ پر غور کریں اور بتائیں کہ اِن میں کیا خاص بات ہے؟

زارا زار درازی زِچ زَردے زَرد زوال درزی روزہ مزدُور لرزنا کمزور